**29/09/2025**

**12.30 PM (5 min)**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنیے۔**

**ایل جی**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ بھارت کی اقتصادی قوت اور بھارت کی ثقافت ، فن اور تہذیب عالمی سطح پر مشہور ہوتی جا رہی ہے ۔**

**کھٹوعہ کے بسوہلی میں جموں کشمیر کلچرل اکیڈمی اور  اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس کی طرف سے منعقد کردہ بسوہلی اُتسو کا افتتاح کرنے کے بعد منوج سنہا نے کہاکہ ہماری فلسفیانہ ، روحانی او ر فنی صلاحیتوں کو دنیا بھر میں سراہا جا رہا ہے ۔**

**اس دوران لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وسیع پیمانے پر بنیادی ڈھانچے کی تعمیراور آسان پالیسی کی بدولت جموں کشمیر شمالی بھارت میں سرمایہ کاری کی ایک موافق جگہ بن گئی ہے۔**

**بینک کی طرف سے منعقد کردہ انویسٹرس میٹ ICICI وہ کھٹوعہ میں محکمہ صنعت و تجارت اور سے خطاب کر رہے تھے۔**

**دریں اثنا منوج سنہا نے کھٹوعہ میں انویسٹرس میٹ سے بھی خطاب کیا۔**

**انہوں نے کہاکہ بنیادی ڈھانچے کی وسیع ترقی اور سرمایہ کاردوست پالیسی کی بدولت جموں کشمیر سرمایہ کاری کیلئے شمالی بھارت میں ایک من پسند جگہ بن گئی ہے۔**

ملاقات

سُرجیت سنگھ سلاتھیہ نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔انہوں MLA سانبہ حلقے کے نے اپنے اسمبلی حلقے کے کئی ترقیاتی معاملات پر ایل جی سے تبادلہ خیال کیا۔

لیبر کمشنر

جموں کشمیر کے لیبر کمشنر چرن دیپ سنگھ نے تعمیراتی ورکروں کے حقوق کے تحفظ کے بارے میں محکمہ لیبر کا عزم دُہرایا ہے ۔

وہ محکمے کی جانب سے سیاحتی مقام پہلگام میں متعلقین کے ساتھ منعقد کردہ ایک پروگرام میں بول رہے تھے جس میں جس مینہوٹل مالکان ، ٹرانسپورٹروں، پونی والوں اور تعمیراتی ورکروں کے علاوہ مقامی لوگوں نے سرگرم شرکت دکھائی۔

اس موقعے پر لیبر کمشنر نے متعلقین کے ساتھ بات چیت کرکے ان کے مسائل اور مطالبات سُنے۔

سیوا پرو

سیوا پرو کے تحت وادی کے مختلف اضلاع میں متعلقہ محکموں کی جانب سے بھی کئی پروگرام منعقد کئے گئے، جس دوران سرکار کی مختلف حصولیابیوں اور عوامی بہبود کے پروگراموں کو اجا گر کیا گیا ۔

سیوا پرو کے تحت خاص طور پر بنیادی ڈھانچے کی تعمیر اورسرکاری سرگرمیوں میں عوامی شمولیت کو بھی اُجاگر کیا جا رہا ہے۔

ابھیان

دوسر ی طرف سوستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت منعقد ہ پروگراموں میں خواتین کے تغذیے اور ان کی صحت پر توجہ مرکوز رہی ۔

ان پروگراموں کے دوران خواتین کو با اختیا رکئے جانے کیلئے دستیاب مواقعے کو بھی اجا گر کیا گیامختلف مقامات پر الگ الگ محکموں کی جانب سے خواتین کیلئے روز گار کمانے کی سرکاری اسکیموں کی نسبت سے جانکاری دی جا رہی ہے۔

یونیورسٹی

سیوا پرو کے تحت کشمیر یونیورسٹی کی طرف سے طالبات اور خواتین عملے کیلئے صحت سے جڑی کئی سرگرمیاں عمل میں لائی گئی جن میں ایک مفت طبی کیمپ ، تین روزہ یوگا پروگرام اور یونیورسٹی کیمپس میں ایک شجر کاری مہم بھی شامل ہے۔

اسی طرح سے یونیورسٹی کے کپواڑہ کیمپس میں ماحولیات سے متعلق جانکاری پیدا کرنے اور صفائی کی کچھ سرگرمیاں انجام دی گئیں۔

بڈگام

ملک گیر سیوا پرو مہم کے تحت ضلع بڈگام کے مختلف علاقوں میں کل دن بھر بھی صفائی کی مہمات ، جانکاری پروگرام اور کئی تخلیقی سرگرمیاں انجام دی گئیں۔

اسی دوران HADP کے مشن ڈائریکٹر سندیپ کمار نے ویجی ٹیبل کلسٹر نارکرہ بڈگام کا دورہ کرکے وہاں HADP کی عمل آوری کی اثر پذیری کا جائزہ لیا۔

بانڈی پورہ

عالمی سیاحتی دن کی مناسبت سے ضلع بانڈی پورہ کے Chandaji علاقے میں آدھی کرم یوگی ابھیان کے تحت ایک پروگرام منعقد کیاگیا۔

پروگرام مینمقامی لوگوں اور دیگر متعلقہ کی ایک اچھی تعداد نے حصہ لیا۔ اس موقعے پر ٹور ازم ریسرچر اور پرموٹر شبنم بشیر نے علاقے کی بیش بہا سیاحتی صلاحیت کو اجا گر کیا۔

ناظم زراعت

ڈائریکٹر ایگریکلچر کشمیر سرتاج احمد شاہ نے سیڈ ملٹی پلیکیشن فارم پدگام پورہ پلوامہ کا دورہ کرکے وہاں کسانوں کیلئے بیجوں کی سٹاک و سپلائی پوزیشن کا جائزہ لیا۔

انہوں نے ساتھ ہی سرہامہ اننت ناگ میں لیونڈر فارم کا بھی دورہ کرکے وہاں تکنیکی ماہرین اور متعلقہ افسروں کے ساتھ بالمشافہ بات چیت کرکے لیونڈر کو دنیا کا ایک بہترین کیش کراپ بتایا۔

تعلیمی سیشن

محکمہ اعلیٰ تعلیم نے ایک اہم پیشرفت کے تحت تعلیمی سیشن 2025-26کیلئے بارویں جماعت کے بائی اینول پاس آؤٹ طالب علموں کی خاطر چار سالہ انڈر گریجویٹ پروگراموں کا اعلان کیا ہے ۔

ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر کے مطابق ان کورسو ں میں داخلے کیلئے آن لائن رجسٹریشن آج سے www.jkadmissions.samarth.ac.in-شروع ہو گئی ہے

GST

اصلاحات کا عوامی سطح پر وسیع خیر مقدم کیا جا رہا GST اس مہینے کی 22تاریخ سے لاگو ہے۔

زندگی بخش ادویات ، کھیل کود کے سامان ، کھانے پینے کی اشیاءاور کئی طرح کی گاڑیوں کے کی شرحیں کم GST ساتھ ساتھ روز مرہ کی زندگی میں کام آنے والی متعدد چیزوں اور خدمات پر گئی ہیں جس کے نتیجے میں اب متوسط طبقے کے لوگ بھی اپنی پسند کی چیزوں کو خریدنے کی استطاعت میں آگئے ہیں۔

**پولیس**

**جموں کشمیر پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی کارروائیوں کو جاری رکھتے ہوئے بڈگام اور شوپیان سے غلام محمد شیخ ساکنہ ہمہامہ ناگبل اور امتیا ز احمد شیخ ساکنہ پمبئی کولگام نامی دو مزید ڈرگ سمگلروں کو گرفتارکرکے ان کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی ایک بڑی مقدار ضبط کر لی ہے۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**